بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ
یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

(سورۃ التوبہ، آیت 71)

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں
جو بھلے کام کا حکم دیتے ہیں اور برے کام سے روکتے ہیں۔

# مواخات مدینہ

## بنیادی حقوق سب کیلئے
## سب کے ساتھ

Help Line
ہمارا فرض... خدمت بے غرض
WELFARE TRUST

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے
الکتاب
تعلیمی نظام

الکتاب تعلیمی نظام

# مواخات مدینہ

# رب کی اطاعت

## رسالت ﷺ کی تعلیمات    انسانیت کی خدمت

اللہ ربّ العزت نے انسانیت کی تعمیر، فلاح اور بقا کے لیے جو فطری اصول عطا فرمائے ہیں، اُن کی کامل اور بہترین عملی تصویر صرف تعلیماتِ نبوی ﷺ پر عمل کرنے سے ہی ممکن ہے۔ رسولِ اکرم ﷺ نے معاشرے کو انسانیت، محبت اور اخوت کا حقیقی حسن عطا کرنے کے لیے مواخاتِ مدینہ کی صورت میں ایک ایسا عظیم نظام قائم فرمایا، جس نے نہ صرف ابتدائی اسلامی معاشرے کو استحکام بخشا بلکہ قیامت تک آنے والی انسانیت کے لیے ایثار، قربانی، بھائی چارے اور باہمی تعاون کی لازوال مثال قائم کردی۔ مواخاتِ مدینہ دراصل انصار اور مہاجرین کے درمیان ایسا روحانی اور سماجی معاہدہ تھا، جس کی بنیاد محبت، ایثار اور قربانی پر رکھی گئی۔ اس عظیم رشتے کے تحت انصارِ مدینہ نے اپنے مہاجر بھائیوں کو صرف پناہ ہی نہیں دی بلکہ اپنے گھر، مال، وسائل اور زندگی کی آسائشیں بھی ان کے ساتھ خوش دلی سے تقسیم کردیں۔ یہ بے مثال جذبہ محبت اور اخوت بنیانِ مرصوص کی عملی تفسیر بن گیا، جس نے مسلمانوں کو ایک مضبوط، متحد اور باوقار امت میں تبدیل کردیا۔ یہی وہ عظیم اور لازوال ورثہ ہے جو آج بھی امتِ مسلمہ کے لیے اتحاد، بھائی چارے، باہمی ہمدردی اور قربانی کا روشن مینار ہے، اور جو ہر دور میں انسانیت کو محبت و اخوت کا درس دیتا رہے گا۔

## ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ مواخات پروگرام اور الکتاب اسکول

### امید، خودمختاری اور روشن مستقبل کا سفر

ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ ایک ایسا فلاحی ادارہ ہے جو معاشرے کے نظر انداز، محروم اور پسماندہ طبقات کو باعزت زندگی کی طرف گامزن کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ یہ ادارہ محض امداد فراہم کرنے تک محدود نہیں بلکہ لوگوں کو خود کفیل بنانے، شعور دینے اور پائیدار ترقی کی راہ پر ڈالنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ رانا ٹاؤن میں قائم الکتاب اسکول اسی وژن کا عملی مظہر ہے، جہاں آج سینکڑوں بچے مفت، معیاری اور باوقار تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ **مواخات مدینہ** کے زریں اصولوں پر عابد ٹاؤن، رانا ٹاؤن UC-23 میں ایک مثالی معاشرہ کی تعمیر و ترقی رواں دواں ہے۔

### علاقے کی زمینی حقیت

رانا ٹاؤن اور اس کے ارد گرد درجنوں دیہات آباد ہیں، جہاں اکثریت مزدور طبقے سے تعلق رکھتی ہے۔

**یہ خاندان عام طور پر:** بڑے ہوتے ہیں، ایک ہی کمانے والے فرد پر انحصار کرتے ہیں، جن میں 8 سے 10 افراد کا خرچ ایک شخص کے ذمے ہوتا ہے۔

ان حالات میں تعلیم جیسی بنیادی ضرورت بھی ایک خواب بن جاتی ہے۔

## عمومی محرومیاں اور معاشی دباؤ

آج کے دور میں عمومی محرومیاں اور معاشی دباؤ معاشرے کے بڑے مسائل بن چکے ہیں۔ بے روزگاری، مہنگائی، کم آمدنی اور بنیادی سہولیات کی کمی نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ بہت سے خاندان ایسے ہیں جو دو وقت کی روٹی، بچوں کی تعلیم، علاج اور رہائش جیسی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے لوگوں کی قوتِ خرید کم کر دی ہے جبکہ روزگار کے محدود مواقع نوجوانوں میں بے چینی اور مایوسی پیدا کر رہے ہیں۔ ان حالات میں ضرورت اس بات کی ہے کہ معاشرے میں ایک دوسرے کا سہارا بن کر ضرورت مند افراد کی مدد کی جائے تاکہ وہ بھی باعزت اور پُرسکون زندگی گزار سکیں۔

## ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ کا عملی کردار (تعلیم عام پروگرام)

ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ نے اس سنگین صورتحال کو سمجھتے ہوئے باقاعدہ سروے کیے اور ان بچوں کی نشاندہی کی جو تعلیم سے دور تھے۔

**ان بچوں کے لیے اقدامات:** بچوں کو خود گھروں سے لا کر اسکول میں داخل کروایا گیا، مفت معیاری تعلیم فراہم کی گئی، کتابیں اور یونیفارم دیے گئے، پک اینڈ ڈراپ سروس مہیا کی گئی تاکہ والدین پر کسی قسم کا مالی دباؤ نہ پڑے اور بچے باقاعدگی سے تعلیم حاصل کر سکیں۔

## والدین کو خود کفیل بنانے کا سفر

ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ نے یہ بات بخوبی سمجھ لی کہ جب تک والدین معاشی طور پر مستحکم نہیں ہوں گے، بچوں کا مستقبل بھی محفوظ نہیں ہو سکتا۔

**اسی سوچ کے تحت خواتین کے لیے:** ووکیشنل ٹریننگ سینٹرز قائم کیے گئے، خواتین کو سلائی، کڑھائی اور دیگر ہنر سکھائے گئے، تاکہ وہ باعزت طریقے سے گھر بیٹھے روزگار حاصل کر سکیں

## خود کفالت پروگرام

**خاندانوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے لیے:** بغیر سود کے قرضے فراہم کیے گئے، پولٹری فارمنگ کے لیے مرغیاں دی گئیں، کچن گارڈننگ کے لیے بیج اور مکمل رہنمائی دی گئی تاکہ یہ خاندان مستقل طور پر خود کفیل بن سکیں۔

## ووکیشنل ٹریننگ سنٹر (عالمی معیار کے مطابق)

الکتاب اسکول میں حال ہی میں ایک عالمی معیار کا ووکیشنل ٹریننگ سینٹر قائم کیا گیا ہے۔ جہاں اہلِ علاقہ اور میٹرک پاس نوجوان مختلف ہنر سیکھ رہے ہیں۔

**یہاں درج ذیل شعبوں میں تربیت دی جا رہی ہے:** موبائل ریپیئرنگ، کمپیوٹر ریپیئرنگ، الیکٹرونکس، الیکٹریکل ورک، اور دیگر جدید فنی شعبہ جات

اس تربیت کا مقصد نوجوانوں کو باعزت روزگار کے قابل بنانا اور بے روزگاری کے خاتمے میں کردار ادا کرنا ہے۔

## صاف پانی کی فراہمی — صحت کی طرف پہلا قدم

**اہلِ علاقہ کو صحت مند زندگی دینے کے لیے:** ایک واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کیا گیا ہے، جہاں سے صاف اور محفوظ پینے کا پانی مفت فراہم کیا جاتا ہے کیونکہ آلودہ پانی کئی خطرناک بیماریوں کا سبب بنتا ہے، اور غریب خاندان اکثر علاج کروانے کی استطاعت نہیں رکھتے۔

## بنیادی ضروریاتِ خوراک کی فراہمی، سستا ترین راشن، یوٹیلیٹی اسٹور، مفت کھانا اور بہترین لباس کی سہولت۔

## طبی معاونت اور ہنگامی سہولیات

جب کسی غریب گھر میں شدید بیماری آ جاتی ہے تو وہ علاج کے اخراجات برداشت نہیں کر پاتے۔

**اس صورتحال کو مدِنظر رکھتے ہوئے:** شدید بیمار مریضوں کو لاہور منتقل کرنے میں مدد دی جاتی ہے، سرکاری ہسپتالوں میں علاج کے لیے رہنمائی اور معاونت فراہم کی جاتی ہے تاکہ کوئی بھی صرف غربت کی وجہ سے علاج سے محروم نہ رہے۔

## دیگر فلاحی سرگرمیاں

**ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ مسلسل:** رمضان المبارک میں راشن تقسیم، عیدالاضحیٰ پر سینکڑوں جانوروں کی قربانی اور گوشت کی تقسیم، سرکاری فلاحی اسکیموں سے متعلق آگاہی اور اپلائی کروانے میں مدد

بھی فراہم کرتا ہے تاکہ مستحق خاندان ہر ممکن سہولت حاصل کر سکیں۔



## الکتاب مسجد

الکتاب مسجد کے ساتھ کردار سازی کیلئے تربیتی ورکشاپس ایک ایسی مثبت اور انقلابی کوشش ہے جس کا مقصد معاشرے میں تعلیم، شعور، اخلاق اور اسلامی اقدار کو فروغ دینا ہے۔ مسجد ہمیشہ سے مسلمانوں کی دینی تعلیمی اور سماجی رہنمائی کا مرکز رہی ہے، جہاں سے علم، اتحاد اور اصلاح معاشرہ کا پیغام عام ہوتا رہا ہے۔ اگر آج ہر مسجد کو دوبارہ تربیت اور کردار سازی کا مرکز بنا دیا جائے تو ہماری نئی نسل ایک روشن مستقبل کی طرف گامزن ہو سکتی ہے۔ ان ورکشاپس کے ذریعے بچوں کو بنیادی اسلامی تعلیمات، اخلاقیات، ادب، احترام اور اچھی عادات سکھائی جائیں گی تاکہ وہ مستقبل میں ایک بہترین انسان اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔ نوجوانوں کو دین اور دنیا کے تقاضوں کے مطابق تربیت دی جائے گی تاکہ وہ منفی سرگرمیوں سے بچ کر اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کریں۔ ان پروگرامز میں والدین کی رہنمائی، معاشرتی شعور، باہمی احترام، اتحاد اور خدمت خلق کے جذبے کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ مسجد صرف عبادت کی جگہ نہیں بلکہ ایک ایسا ادارہ ہے جہاں سے قوموں کی تعمیر ہوتی ہے۔ اگر ہر مسجد میں تعلیمی اور تربیتی سرگرمیاں باقاعدگی سے شروع ہو جائیں تو معاشرے میں امن، محبت، بھائی چارہ اور اخلاقی بہتری پیدا ہو سکتی ہے۔ یہ ورکشاپس تو جوان نسل کو منشیات، بے راہروی اور معاشرتی برائیوں سے بچانے میں بھی اہم کردار ادا کریں گی۔ وقت کی ضرورت ہے کہ ہم مسجد کو دوبارہ وہی مقام دیں جہاں سے روشنی پھیلتی ہے، جہاں سے بہترین کردار جنم لیتے ہیں، جہاں سے قومیں بنتی ہیں اور جہاں سے آنے والی نسلوں کا مستقبل سنورتا ہے۔

### مسجد کو زندہ کریں ... قوم کو مضبوط بنائیں

**مسجدیں مرثیہ خواں ہیں کہ نمازی نہ رہے**
**یعنی وہ صاحبِ اوصافِ حجازی نہ رہے**

## مسجد مرکز برائے کردار سازی

مسجد اسلام کا ایک اہم ادارہ اور کردار سازی کا بہترین مرکز ہے۔ یہ صرف عبادت کی جگہ نہیں بلکہ تربیت و اصلاح کا سرچشمہ بھی ہے۔ مسجد میں انسان نماز، تقویٰ، صبر اور اخلاص جیسی اعلیٰ صفات سیکھتا ہے۔ یہاں مسلمانوں کو نظم وضبط، وقت کی پابندی اور باہمی احترام کا درس ملتا ہے۔ مسجد لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور خوف پیدا کرتی ہے۔ اس کے ذریعے معاشرے میں بھائی چارے، مساوات اور اتحاد کو فروغ ملتا ہے۔ مسجد نوجوان نسل کی اخلاقی اور روحانی تربیت میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہاں قرآن وسنت کی تعلیمات کے ذریعے اچھے اخلاق پروان چڑھتے ہیں۔ ایک فعال مسجد معاشرے کو جرائم، بے راہ روی اور اخلاقی برائیوں سے بچانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسجد کو ایک مثالی اسلامی معاشرے کی بنیاد اور کردار سازی کا حقیقی مرکز کہا جاتا ہے۔


AL-KITAB
HIGHER SECONDARY SCHOOL

# الکتاب تعلیمی نظام (الکتاب ہائیر سیکنڈری سکول) الکتابین

آج الکتاب اسکول، اللہ کے فضل وکرم سے، ایک ہائر سیکنڈری اسکول کا درجہ حاصل کر چکا ہے۔ یہاں زیرِ تعلیم قابل اور مستحق طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے اسکالرشپس بھی فراہم کی جارہی ہیں تاکہ مالی مشکلات ان کے روشن مستقبل کی راہ میں رکاوٹ نہ بن سکیں۔ یہ ادارہ صرف تعلیم فراہم نہیں کرتا بلکہ شعور بیدار کرتا، خوداعتمادی پیدا کرتا اور ایک باوقار مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ محض ایک فلاحی ادارہ نہیں بلکہ امید، خودداری اور مثبت تبدیلی کی علامت ہے۔ یہ اُن ہاتھوں کو سہارا دیتا ہے جو کبھی خالی تھے، اُن آنکھوں میں روشنی بھر دیتا ہے جو خواب دیکھنا بھول چکی تھیں، اور اُن گھروں میں خوشحالی لاتا ہے جہاں کبھی محرومی کا راج تھا۔

## کردارسازی پراجیکٹ — قرآن فہمی کے ذریعے ایک باکردار نسل کی تشکیل

ہیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ اور الکتاب اسکول اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ حقیقی تعلیم وہی ہے جو انسان کے کردار کو سنوار دے۔ اسی وژن کے تحت " کردارسازی پراجیکٹ" کا آغاز کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد طلبہ اور تعلیمی عملے کو قرآنِ مجید کی حقیقی تعلیمات سے روشناس کرانا ہے۔ اس پراجیکٹ کے تحت الکتاب اسکول کے تمام طلبہ اور تدریسی وانتظامی عملے کو قرآن فہمی کی تعلیم دی جاتی ہے۔

اس مقصد کے لیے باقاعدہ عربی زبان کی کلاسز کا انعقاد کیا جاتا ہے جن میں:

- ترجمہ قرآن سکھایا جاتا ہے۔
- قرآن کے پیغام کو آسان اور قابلِ فہم انداز میں سمجھایا جاتا ہے۔
- قرآن کی تعلیمات کو عملی زندگی میں نافذ کرنے کی تربیت دی جاتی ہے۔

اس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ قرآنِ مجید کو صرف تلاوت کی حد تک نہ پڑھیں بلکہ اس کے حقیقی مفہوم، پیغام اور عملی رہنمائی کو بھی سمجھ سکیں۔ قرآن فہمی افراد کو توہمات، جہالت اور فکری گمراہی سے بچاتی ہے، دین کی اصل روح سے آگاہ کرتی ہے اور انہیں باشعور، ذمہ دار اور مثبت سوچ رکھنے والا انسان بناتی ہے، تاکہ وہ قرآن کے احکامات کو سمجھ کر اپنے معاشرے کی اصلاح اور بہتری میں فعال کردار ادا کرسکیں۔

## مستقبل کے قائدین کی تیاری

الکتاب اسکول کا مقصد صرف نصابی تعلیم فراہم کرنا نہیں بلکہ ایسے رہنما تیار کرنا ہے جو علم، اخلاق اور کردار میں ممتاز ہوں۔

یہاں سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ:

- قرآن فہمی کی بنیاد پر درست فیصلے کرنے والے ہوں گے۔
- انصاف، دیانت اور خدمتِ خلق کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں گے۔
- اپنے خاندان، محلے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنیں گے۔
- ایک ذمہ دار، باکردار اور باصلاحیت شہری کے طور پر ابھریں گے۔

ان شاءاللہ، یہی بچے مستقبل میں اساتذہ، ڈاکٹرز، انجینئرز، تاجر، سماجی رہنما، ذمہ دار شہری اور قوم کے حقیقی قائد بنیں گے۔ وہ نہ صرف اپنی زندگی میں کامیاب ہوں گے بلکہ معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کے لیے امید اور سہارا بھی ثابت ہوں گے۔

یہ صرف فلاحی کام نہیں، بلکہ آنے والی نسلوں کی تقدیر بدلنے کی ایک مسلسل جدوجہد ہے۔

**یہ صرف فلاح نہیں — یہ نسلوں کی تقدیر بدلنے کی جدوجہد ہے۔**

# الکتاب سکول سے مستفید ہونے والے دیہات

## جامع سوشل، آبادی اور فلاحی تخمینی رپورٹ 2026

| علاقہ | تخمینی تعداد |
|---|---|
| عابد ٹاؤن | 10,000 |
| چک 39 | 5,500 |
| چک 41 | 6,500 |
| چک 42 | 6,000 |

| علاقہ | تخمینی تعداد |
|---|---|
| چک 43 | 4,500 |
| محمد نگر | 7,500 |
| عباس نگر | 6,000 |
| کوٹ مول چند | 5,000 |

| علاقہ | تخمینی تعداد |
|---|---|
| کلر | 4,000 |
| رانا ٹاؤن | 8,500 |
| دارھی گل قدیم | 3,500 |
| درگاہی گل قدیم | 3,000 |

| علاقہ | تخمینی تعداد |
|---|---|
| بشیر ٹاؤن | 5,500 |
| خرم ٹاؤن | 4,500 |
| طیبہ ٹاؤن | 6,500 |
| شیر بنگالی لیبر کالونی | 7,000 |

| کل تخمینی آبادی | تقریباً 98,000 تا 1,10,000 افراد |
|---|---|

### گھرانوں کی تعداد

| تفصیل | تخمینہ |
|---|---|
| کل گھرانے | 15,000 تا 18,000 |
| اوسط فی گھر افراد | 6 تا 7 |

### معاشی صورتحال

| کیٹیگری | تخمینی شرح |
|---|---|
| دیہاڑی دار مزدور | 40% |
| فیکٹری ورکرز | 25% |

| کیٹیگری | تخمینی شرح |
|---|---|
| رکشہ/ڈرائیور طبقہ | 10% |
| چھوٹے کاروباری | 12% |

| کیٹیگری | تخمینی شرح |
|---|---|
| بے روزگار افراد | 16% |
| سفید پوش خاندان | 18% |

### نابینا اور خصوصی افراد

پاکستان میں نابینا و معذور افراد کے اوسط تناسب کے مطابق اس علاقے کا تخمینہ:

| قسم | تخمینی تعداد |
|---|---|
| نابینا افراد | 800 تا 1,200 |
| کم بینائی والے افراد | 2000+ |

| قسم | تخمینی تعداد |
|---|---|
| جسمانی معذور افراد | 1300+ |
| خصوصی بچے | 400+ |

| قسم | تخمینی تعداد |
|---|---|
| وہیل چیئر استعمال کرنے والے افراد | 250+ |
| ذہنی معذوری والے افراد | 180+ |

### مستحق خاندانوں کی تفصیل

| قسم | تخمینی تعداد |
|---|---|
| زکوۃ کے مستحق خاندان | 4500+ |
| راشن کے محتاج گھرانے | 3800+ |
| انتہائی مستحق خاندان | 2500+ |
| بیوہ خواتین والے گھر | 900+ |
| یتیم بچوں والے خاندان | 700+ |
| قرض دار خاندان | 1500+ |
| مزدور طبقہ | 8000+ |

### تعلیم کی صورتحال

| تفصیل | تخمینی شرح |
|---|---|
| خواندگی کی شرح | 62% |
| سکول نہ جانے والے بچے | 20% |

| تفصیل | تخمینی شرح |
|---|---|
| بچیوں کی تعلیم چھوڑنے کی شرح | 22% |
| دینی مدارس کے طلبہ | 14% |

| تفصیل | تخمینی شرح |
|---|---|
| کالج/یونیورسٹی طلبہ | 8% |

### بنیادی مسائل

| مسئلہ | صورتحال |
|---|---|
| غربت | بہت زیادہ |
| بے روزگاری زیادہ | موجود |
| صاف پانی کی کمی | شدید |

| مسئلہ | صورتحال |
|---|---|
| نکاسی آب کے مسائل | نمایاں |
| طبی سہولیات کی کمی | نہ ہونے کے برابر |
| معذور افراد کیلئے سہولیات | کافی زیادہ |

| مسئلہ | صورتحال |
|---|---|
| تعلیمی مسائل | نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی |
| منشیات | |

### صحت کے مسائل

- آنکھوں کی بیماریاں
- شوگر اور بلڈ پریشر
- غذائی کمی
- بچوں میں کمزوری
- جلدی بیماریاں
- ہیپاٹائٹس
- ذہنی دباؤ
- نشے کی بڑھتی ہوئی شرح

### فلاحی کاموں کی فوری ضرورت

| شعبہ | ضرورت |
|---|---|
| ماہانہ راشن پروگرام | انتہائی ضروری |
| فری میڈیکل کیمپ | ضروری |
| فری آئی کیمپ | بہت ضروری |

| شعبہ | ضرورت |
|---|---|
| نابینا افراد کی سپورٹ | انتہائی اہم |
| یتیم بچوں کی کفالت | ضروری |
| خواتین کیلئے سلائی سینٹر | مفید |

| شعبہ | ضرورت |
|---|---|
| نوجوانوں کیلئے ہنر پروگرام | بہت ضروری |
| واٹر فلٹریشن پلانٹ | اہم ضرورت |

### علاقے کی سماجی تقسیم

| طبقہ | تخمینی شرح |
|---|---|
| مزدور طبقہ | 45% |

| طبقہ | تخمینی شرح |
|---|---|
| متوسط طبقہ | 30% |

| طبقہ | تخمینی شرح |
|---|---|
| سفید پوش | 15% |

| طبقہ | تخمینی شرح |
|---|---|
| انتہائی غریب | 10% |

# Mawakhat Town,Rana Town Field Map



# یونین کونسل 23 کے گاؤں

## عابد ٹاؤن

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ................ | ................ |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 40 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | نوید سحر سکول | 30 |
| 2 | دی گریس بائبل | 150 |
| 3 | ایپکس انگلش گرائمر سکول | 400 |
| 4 | الکتاب گرلز ہائیر سیکنڈری سکول | 1100 |

## کوٹ مول چند

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ پرائمری سکول | 85 |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 10 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ................ | ................ |

## چک نمبر 39

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ پرائمری سکول | 250 |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 15 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | دی نوبل سکول | 300 |

## کالر

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ پرائمری سکول | |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | | |

## چک نمبر 40

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ سکول پرائمری 40 چک | 70 |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 25 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ................ | ................ |

## رانا ٹاؤن + دراھی گل قدیم + درگاھی گل جدید

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ بشیر ماڈل پرائمری سکول | 200 |
| 2 | گورنمنٹ پرائمری سکول، رانا ٹاؤن | 250 |
| 3 | گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، رانا ٹاؤن سکیم نمبر 3 | 400 |
| 4 | گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول، درگاہی گل قدیم | 300 |
| 5 | گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول، درگاہی گل قدیم | 450 |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 300 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | پاکستان ماڈل ہائی سکول | 700 |
| 2 | آوکسفرڈ گرائمر ہائی سکول | 900 |
| 3 | السلام ہائی سکول | 150 |
| 4 | دی نیشن ہائی سکول | 300 |
| 5 | نصرت ماڈل ہائی سکول | 150 |
| 6 | الہادی انسٹیٹیوٹ | 130 |
| 7 | دی نوبل سکول | 75 |
| 8 | صادق فری ہائی سکول | 300 |
| 9 | دی گریٹ ہائی سکول | 400 |

## بشیر ٹاؤن + خرم ٹاؤن

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ................ | ................ |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 35 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | حسن انگلش گرائمر سکول | 45 |
| 2 | محمدن سکول | 35 |

## طیبہ ٹاؤن + صنم آباد

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ................ | ................ |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 20 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | لاثانی سکول سسٹم | 25 |
| 2 | الف نون سکول | 40 |
| 3 | العظیم سکول اینڈ اکیڈمی | 90 |

## شیر بنگالی لیبر کالونی

**گورنمنٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ورکرو یلفیئر پرائمری سکول | 250 |

| | |
|---|---|
| سکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد | 20 |

**پرائیویٹ سکولز کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | تعداد طلبہ |
|---|---|---|
| 1 | ................ | ................ |

# ھیلپ لائن ویلفیئر ٹرسٹ


For Cash/Cheque Pickup: **Call**

**042-35110164**

Make a one-time online **Donation** at

**helplinewelfaretrust.org**

**Scan QR Code**

Make a Bank Transfer

General Donation | UBL

UBL to UBL: **063501118170**
Other Bank to UBL: **0112063501118170**
IBAN: **PK69UNIL0112063501118170**

**705-A1 G.E.C.H SOCIETY TOWNSHIP LAHORE.**